No. of Printed Pages : 5 **MUD-022**

# M.A. (APPLIED URDU)

# (MAAUD)

## Term-End Examination

## June, 2026

## MUD-022 : Urdu Shayari

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ تمام سوالوں کے جواب لازمی ہے۔ اور سبھی سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

۱۔ غزل کی تعریف اردو غزل کے موضوعات و مضامین سے مدلل بحث کیجیے ۔

یا

مثنوی کی تعریف اور اس کے فن پر اظہار خیال کیجیے۔

۲۔ معاصر اردو غزل پر ایک جامع مضمون سپرد قلم کیجئے۔

یا

حسرت موہانی کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

۳۔ مرزا دبیرؔ کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات واضح کیجیے۔

یا

دکنی اردو مرثیہ کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ خواجہ حیدر علی آتشؔ کے حالات زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی غزل گوئی کے امتیازی پہلوؤں کو واضح کیجیے۔

یا

سراج اورنگ آبادی کی غزل گوئی سے بحث کیجئے۔

۵۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔

وہ نازنیں ادا میں اعجاز ہے سراپا
خوبی میں گل رخاں سوں ممتاز ہے سراپا
اے شوخ تجھ نین میں دیکھا نگاہ کرکر
عاشق کے مارنے کا انداز ہے سراپا
جگ کے ادا شناساں ہے جن کی فکر عالی
تجھ قد کوں دیکھ بولے یوں ناز ہے سراپا

کیوں ہو سکیں جگت کے دلبر ترے برابر

تو حسن ہور ادا میں اعجاز ہے سراپا

گاہے اے عیسوی دم یک بات لطف سوں کر

جاں بخش مجھ کو تیرا آواز ہے سراپا

یا

عجیب سانحہ مجھ پر گزر گیا یارو

میں اپنے سایہ سے کل رات ڈر گیا یارو

بھٹک رہی تھی جو کشتی وہ غرق آب ہوئی

چڑھا ہوا تھا جو دریا اتر گیا یارو

ہر ایک نقش تمنا کا ہوگیا دھندلا

ہر ایک زخم مرے دل کا بھر گیا یارو

وہ کون تھا، وہ کہاں کا تھا، کیا ہوا تھا اسے

سنا ہے آج کوئی شخص مرگیا یارو

میں جس کے لکھنے کے ارمان میں جیا اب تک

ورق ورق وہ فسانہ بکھر گیا یارو

××××××××